ملفوظات



مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کنز الایمان۔ فتاویٰ رضویہ۔ احکام شریعت۔ حدائق بخشش۔ الامن والعلیٰ۔
شمع شبستانِ رضا جیسی شاہکار کتابوں کے مصنف
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کی شاہکار تصنیف

ملفوظات

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ

ناشران
بک کارنر پرنٹرز پبلشرز مین بازار جہلم
فون نمبر دوکان: 624306 فون نمبر رہائش: 614977
ای میل: Bookcornerjm@yahoo.co.in

Marfat.com

نام کتاب .... ملفوظات

مصنف .... مولانا احمد رضا خان بریلویؒ

سرورق .... امر شاہد

مطبع .... فرینڈز پرنٹرز، جہلم

ہدیہ .... -/[redacted] روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام، اُردو بازار لاہور

مکتبہ رحمانیہ، اقراء سنٹر اُردو بازار لاہور

شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور

علم و عرفان پبلشرز، اُردو بازار لاہور

خزینہ علم و اَدب، اُردو بازار لاہور

رحمٰن بک ہاؤس، اُردو بازار کراچی

ضیاء الدین پبلی کیشنز، نزد شہید مسجد کھارادر کراچی

ادارۃ الانور، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ) اُردو بازار کراچی

marfat.com

Marfat.com

عرض: اگر دوا میں افیون اس قدر پڑی ہو کہ نشہ نہ لائے تو جائز ہے یا نہیں۔

ارشاد: ہاں اگر ایسی صورت ہو کہ اس کا کوئی اثر واقعی نہ ہوتا ہو اور اس کی عادت نہ پڑے اور آئندہ بھی کوئی بات ظاہر نہ تو جائز ہے۔

عرض: حدیث شریف میں آیا ہے:

اِنِّیْ حَرَّمْتُ کُلَّ مُسْکِرٍ وَ مُفْتِرٍ

اور افیون مفتر ہے تو چاہئے کہ حرام ہو۔

ارشاد: ہاں اگر حد تفتیر کو پہنچے گی تو حرام ہے۔

عرض: تو حضور شراب کا بھی جب تک حد اسکار کو نہ پہنچے، یہی حکم ہونا چاہئے۔

ارشاد: وہ حرام ہے، بعینہٖ ہے مثل پیشاب کے نجس ہے اپنی نجاست کے سبب حرام ہے نہ اسکار کے سبب۔ اگر ایک قطرہ کوئیں میں پڑ جائے سارا کنواں نجس ہو جائے گا۔

عرض: امام ضامن کا جو پیسہ باندھا جاتا ہے، اس کی کوئی اصل ہے۔

ارشاد: کچھ نہیں۔

عرض: حضور یہ کسی صاحب کا لقب ہے۔

ارشاد: ہاں امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

عرض: مٹی آنکھ میں پڑ جائے اور پانی نکلے تو ناقص وضو ہے یا نہیں۔

ارشاد: یہ وہ پانی نہیں جس سے وضو ٹوٹے، ہاں دکھتی آنکھ سے اگر پانی نکلے، ناقص وضو ہے۔

عرض: حضور یہ مشہور ہے اَلْوِلَایَۃُ اَفْضَلُ مِنَ النُّبُوَّۃِ۔

ارشاد: یوں نہیں بلکہ یوں ہے وِلَایَۃُ النَّبِیِّ اَفْضَلُ مِنْ نُبُوَّتِہٖ۔ نبی کی ولایت اس کی نبوت سے افضل ہے کہ ولایت کی توجہ الی اللہ ہے اور نبوت کی توجہ الی الخلق ہے۔

عرض: حضور ولی کی ولایت بھی متوجہ الی اللہ ہوتی ہے۔

ا دکھتی آنکھ کا پانی ناقص وضو ہے۔

Marfat.com